٧٨٦

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

حسب فرمایش جناب حاجی محمد سعید صاحب تاجر کتب کلکتہ خلاصی ٹولہ نمبر (۵)

حجۃ الاسلام

باہتمام کمترین حقیر ازلی محمد احمد علی تجاوز اللہ عن ذنبہ الخفی والجلی

مجیدی پریس واقع کانپور میں طبع ہوا

سنہ ۱۳۲۰ھ

دوسرا امام جان ہی تیسرا امام دل ہے چوتھا امام عقل ہے پانچوان امام
فہم ہے سوال اگر کوئی پوچھے کہ تیرے وجود مین کتنے قبلے ہین جواب یہ کہہ کہ
پانچ قبلے ہین اوّل قبلہ محراب ہی دوسرا قبلہ کعبہ ہی تیسرا قبلہ بیت المعمور ہی چوتھا
قبلہ عرش ہی پانچوان قبلہ کرسی ہی سوال اگر کوئی پوچھے کہ محراب کتنے ہین جواب
طالبون کو تن اندر محراب ہی اور جان اندر کعبہ ہے اور عقل اندر عرش ہی اور فہم
اندر کرسی ہی اور دل اندر بیت المعمور ہی سوال اگر کوئی پوچھے کہ امامت کرنی کتنے
شخصونکو مکروہ ہی جواب کہہ کہ دس شخصونکو مکروہ ہی اوّل حرام کھانے والا دوسرا
حرام کرنے والا تیسرا قراءت غلط پڑھنے والا چوتھا بازار کا بیٹھنے والا پانچوان
غلامی کرنے والا چھٹا دہقانی ساتوان فاسق آٹھوان کوڑھی نوان اندھا دسوان
ولد الزنا اگر یہ سب امامت کرین تو مکروہ ہوتی ہی سوال اگر کوئی پوچھے کہ تم
امام ہمارے ہو اور تمھارا امام کون ہے جواب کہہ کہ مین امام تمھارا ہون اور
امام میرا قرآن ہی سوال اگر کوئی پوچھے کہ ہمنے اقتدا تمھاری کی اور تمھاری
اقتدا کسکے پیچھے ہی جواب کہہ کہ تمنے اقتدا کی ہماری اور ہمنے اقتدا کی اگلے امام
کی یعنے پیغمبر محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم کی سوال اگر کوئی پوچھے کہ نماز ہماری
تم سے درست ہی اور نماز تمھاری کس سے درست ہی جواب کہہ کہ نماز تمھاری
ہمسے درست ہی اور نماز میری علم شریعت سے درست ہی سوال اگر کوئی پوچھے کہ نماز
ہماری تمھاری نماز سے جائز ہوئی اور تمھاری نماز کس سے جواب کہہ کہ نماز
میری قرآن سے جائز ہوئی اور ہمارا تمھارا قبلہ ایک ہے سوال اگر کوئی پوچھے
تیرے وجود مین نماز کس نے پڑھی اور تکبیر اور قراءت کسنے پڑھی اور کس نے سنی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ ۝ وَالصَّلوٰۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۝ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اَمَّا بَعْد اَسْعَدَكَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِی الدَّارَیْنِ ترجمہ جمیع انواع کے حمد ثابت ہین واسطے اللہ تعالی کے جو پالنے والا اور پرورش کرنے والا تمام جہان کا ہی اور عاقبت کی خوبیان تمام واسطے پرہیزگارون کے ہین اور درود اور سلام اُسکے حبیب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہ ہوجیو جو بہتر اور برگزیدہ تمام مخلوق کے ہین اور رحمت خدا کی اُنکے آل کرام اور اصحاب عظام سب پر ہوجیو روز قیامت تک بعد اسکے نیک بخت کری اللہ تعالے تجھ کو دونون جہان مین معلوم کر کہ یہ رسالہ حجۃ الاسلام مشتمل ہی چند مسائل عجیبہ وغریبہ بلیغی معتبر کتابون سے نقل کیا گیا کہ تمام عالم پر سمجھنا اسکا لازم ہی سوال اگر کوئی پوچھے کہ تیرے وجود مین کتنے امام ہین جواب کہہ کہ پانچ امام ہین اول امام تن ہے

جواب کہہ کہ پیشانی میری مسجد ہی اور آنکھین میری گوہر ہین اور ہڈی میری دولت ہی اور زبان میری گوشت اور دل میرا مومن ہے اور تن میرا خاک اور جی میرا یار اور بھوک میری آگ ہے اور نفس میرا کافر اگر کوئی یہ خبر نہین جانتا تو وہ حیوان مطلق ہی **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ تیرے وجود مین کتنے بادشاہ ہین اور کتنے وزیر ہین **جواب** کہہ کہ تین بادشاہ ہین اور تین وزیر اول بادشاہ روح اور وزیر اُسکا عقل ہے پس عقل کہتی ہے اے بادشاہ نیکی کر اور بدی مت کر اگر نیکی کریگا تو دیدار اللہ تعالے جل شانہٗ کا پاویگا اور شفاعت حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم کی ہوگی اور اگر بدی کریگا تو دوزخ کے عذاب مین گرفتار ہوگا اور دوسرا بادشاہ نفس ہے اور وزیر اُسکا شیطان ہے پس شیطان یہ کہتا ہی اے بادشاہ جو کچھ ہے وہ دنیا ہی مین ہے کھانا پینا اور سونا اور بہشت دوزخ کسنے دیکھا ہے اور قبر اور قیامت کو کس نے دیکھا ہے کہ وہان کیا ہوویگا تیسرا بادشاہ دل ہی اور وزیر اُسکی زبان ہی پس زبان کہتی ہی کہ اے بادشاہ جو کچھ کہ تو کرتا ہے اُسمین مین تیری تابع ہون یعنے جو کچھ کہ دل مین آتا ہے وہی زبان سے کہتا ہے پس حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہر ایک انسان مین سات خصلت کا ہونا خوب ہے اول عورت کو شرم ہونا دوسرا دوست کو محبت ہونا تیسرا عالم کو عمل ہونا چوتھا توانگر کو سخاوت ہونا پانچوان بادشاہ کو عدل ہونا چھٹا فقیرون کو صبر ہونا ساتوان جوان کو توبہ ہونا **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ جن مین یہ خصلتین نہین وہ کیسے ہین **جواب** کہہ کہ اول عورت کو شرم نہین تو ایسا جیسا کہ درخت کو پھل نہین دوسرا اگر دوست مین

جواب کہہ کہ دل نے میرے نماز پڑھی اور تن میرا تکبیر بولا اور فہم نے میری
قرأت پڑھی اور روح نے میری رکوع اور سجدہ کیا اور عقل نے میری سلام
پھیرا **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ تیرے وجود مین مسجد اور محراب اور منبر اور چراغ
کسے بولتے ہین **جواب** کہہ کہ پیشانی میری مسجد ہے اور سینہ میرا محراب ہی اور سر میرا
منبر ہے اور آنکھین میری چراغ ہین **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ تن مین کون سی
جاے مصحف ہی اور کون سی جاے مسافر ہے اور کون سی جاے مسلمان ہے
اور کون سی جاے مومن ہی اور کون سی جای کافر ہی **جواب** کہہ کہ سر میرا مصحف ہے
اور زبان میری مسلمان ہی اور دل میرا مومن ہی اور پانون میرے مسافر ہین اور
نفس میرا کافر ہے ہر مسلمان پر لازم ہی کہ یہ مسئلہ یاد رکھے تاکہ دونون جہان مین نیکی
پاوے **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ سر قرآن کا کیا ہے اور تاج قرآن کا کیا ہے
اور دل قرآن کا اور عرش قرآن کا اور چراغ قرآن کا کیا ہی اور رجی قرآن کا اور
وقف قرآن کا اور ربان قرآن کی اور یار قرآن کا کیا ہے **جواب** کہہ کہ سر
قرآن کا بسم اللہ ہے اور رجی قرآن کا ادب ہے اور عرش قرآن کا
سورۃ البقرۃ ہے اور چراغ قرآن کا سورۃ الملک ہی اور تاج قرآن کا سورۃ
الرحمٰن ہے اور دل قرآن کا سورہ یٰس ہے اور وقف قرآن کا ٹھہرنا ہے
اور ربان قرآن کی سورۃ الحمد ہے اور یار قرآن کا آیۃ الکرسی ہے یہ خبر
عالمون سے ہے اگر یہ خبر کوئی نہ جانے تو سیکھنا مناسب ہی **سوال** اگر کوئی
پوچھے کہ تن مین کس جگہ مسجد ہے اور کس جگہ گوہر ہے اور کس جگہ مومن ہے
اور کس جگہ کافر ہی اور کس جگہ مٹی ہے اور کس جگہ پانی ہے اور کس جگہ آگ ہے

اور جو کوئی احکام اور ارکان شریعت کے نہ جانے تو فقیری اور بزرگی اور شریعت اور ہر ایک مقام کا دعوی کرنا بھی درست نہیں **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ مہمانی مین کھانا کھانے کے وقت کیا پڑھنا چاہیے **جواب** کہہ یہ پڑھنا چاہیے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ۝ **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ مہمانی کرنے کے بعد کیا پڑھنا چاہیے **جواب** کہہ یہ پڑھنا چاہیے اِنَّمَا نُطْعِمُکُمْ لِوَجْہِ اللّٰہِ لَا نُرِیْدُ مِنْکُمْ جَزَآءً وَّلَا شُکُوْرًا جو کوئی اتنا نہیں پڑھتا تو اسے کسی کے گھر کو جانا مناسب نہیں اور ایسے مسلمان کو بلانا اچھا نہیں **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ تو مسلمان ہے **جواب** کہہ الحمد للہ **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ الحمد للہ کے کیا معنی ہیں **جواب** کہہ کہ سب تعریف اور شکر اللہ تعالے کو کہ بیچون اور بیچگون اور بے مثل اور بے نمون ہے **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ تیری مسلمانی پر کون شاہد ہے **جواب** کہہ کہ ہم شاہد کلمے کو رکھتے ہین یعنے اَشْہَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ الحمد للہ قرآن مین ہی اور تو کس مین **جواب** کہہ کہ ہم نبی کے کلمے مین ہین اور کلمہ ہم مین ہی **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ کلمہ کس مین ہے **جواب** کہہ کہ کلمہ دل مین ہی اور دل جسم مین ہے **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ تن کا وزیر کون ہی **جواب** کہہ کہ تن کا وزیر زبان ہی **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ زبان کا مرشد کون ہے **جواب** کہہ کہ زبان کا مرشد لب ہی **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ نیچے کا لب کیا کہتا ہے اور اوپر کا ہونٹھ کیا کہتا ہی **جواب** کہہ نیچے کا لب لا الہ الا اللہ کہتا ہے اور اوپر کا محمد رسول اللہ

محبت نہین تو جیسا ایمان ہو حیا نہین تیسرا علم ہو اُسمین عمل نہین تو جیسا
اندھے کی ہاتھ مین چراغ چوتھا تونگر اُسمین سخاوت نہین تو جیسا کہ مُشک ہے
اور اُسمین بو نہین پانچوان بادشاہ ہے اور اُسمین عدل نہین تو جیسا کہ بادل
ہو اور اُسمین پانی نہین چھٹا فقیر ہے اور اُسمین صبر نہین تو جیسا کہ سیپ ہین
موتی نہین ساتوان جوان ہے اور اُسمین توبہ نہین تو جیسا کہ جسم ہو اور اُسمین
جان نہین **سوال**[16] اگر کوئی پوچھے کہ فرض اسلام کے کیا ہین **جواب** کہہ کہ اول
توبہ کرنا کفر و شرک سے دوسرے تسلیم کرنا تیسرے عبادت کرنا چوتھے پرہیز
کرنا گناہون سے پانچوین قناعت کرنا چھٹے معرفت دل کا قرب ہونا اگر کوئی
یہ نہین جانتا تو وہ کامل مسلمان نہین **سوال**[17] اگر کوئی پوچھے کہ احکام اسلام کے کتنے
ہین **جواب** کہہ کہ چھ ہین اول معرفت کے موتی کو معلوم کرنا دوسرے سخاوت کرنا تیسرے
صادق الیقین ہونا چوتھے تقدیر پر ثابت رہنا پانچوین توکل کرنا چھٹے دنیا سے منھ
پھیرنا اگر کوئی مسلمان یہ احکام نہ جانے تو لیاقت اُسکی درست نہین ہوتی **سوال**[18]
اگر کوئی پوچھے کہ ارکان اسلام کے کتنے ہین **جواب** کہہ کہ چھ ہین اول سینے مین
علم ہونا دوسرے دنیا کو ترک کرنا تیسرے ہر ایک مصیبت پر صبر کرنا چوتھے ہر ایک
نعمت کا شکر کرنا پانچوین خوف خدا کرنا چھٹے ذکر و شوق رکھنا **سوال**[19] اگر کوئی
پوچھے کہ اصل کام حق کیطرف کی کتنے ہین **جواب** کہہ کہ چھ ہین اول حیا ہونا دوسرے
حق تعالے کا خوف ہونا تیسرے ترک دنیا کا کرنا چوتھے ذکر خدا کا کرنا پانچوین خدا
کی قدرت صادق الیقین کر جاننا چھٹے ڈر اور امید کے درمیان ثابت
رہنا اور اُسکی رحمت کے امید وار رہنا اور اُسکے عذاب کا خوف رکھنا

کافر ہی پیدا ہوتے ہین اور کافر ہی مرتے ہین اور دوزخی ہوتے ہین اس
بات کو سمجھ کر جو عمل نیک نہ کریگا وہ منافق ہوگا **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ تم کھاتے
ہو اور تمھاری موچھ کیا کھاتی ہے **جواب** کہہ کہ ہم کھانا کھاتے ہین اور موچھین
نون کھاتی ہین **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ تم کسکے ساتھ کھانا کھاتے ہو اور
کس کے ساتھ سوتے ہو **جواب** کہہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ساتھ کھاتا ہون
اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کلمے کے ساتھ سوتا ہون یعنے لا الہ الا اللہ
محمد رسول اللہ **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ کھانے کے فرض کتنے ہین **جواب**
کہہ کہ تین ہین اول حلال کھانا دوسرے للہ کھلانا تیسرے عمر اپنی بندگی اللہ تعالے
مین خرچ کرنی جو یہ تین کام نہ کرے تو اُسکا کھانا حرام ہوگا **سوال** اگر کوئی
پوچھے کہ ہندو مسلمان مین کیا فرق ہے **جواب** کہہ کہ پانچ باتون کا فرق ہے
مسلمان کلمہ پڑھتا ہے اور نماز کرتا ہے اور روزہ رکھتا ہے اور زکوۃ دیتا ہے
اور حج کرتا ہے ان پانچون باتون سے مسلمان ہوتا ہے **سوال** اگر کوئی پوچھے
کہ تم دنیا مین کیا لائے اور کیا تحفہ دیتے ہو اور کیا بول کر کھانا کھایا اور تم کس سے
مسلمان ہوے **جواب** کہہ سلام علیک لے کر دنیا مین آئے اور علیک السلام کا تحفہ دیتے
ہین اور بسم اللہ بول کر کھانا کھایا اور نبی کے کلمے سے مسلمان ہوے **سوال** اگر کوئی
پوچھے کہ نبی صاحب کے کتنے مکان ہین **جواب** کہہ کہ سات مکان ہین اول مکان ستارہ
کا دوسرا مکان دادا آدم علیہ السلام کی پیٹھ تیسرا مکان باوا عبداللہ کی صلب کا
چوتھا مکان بی بی آمنہ کے پیٹ کا پانچوان مکان بہشت کا چھٹا مکان قرب
الٰہی کا ساتوان مکان ہر ایک مسلمان کی دل مین **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ ایمان کیے

سوال اگر کوئی پوچھے کہ تو بندہ کسکا ہی جواب کہہ کہ مین بندہ اللہ کا ہون اور امت حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ہون اور اولاد حضرت آدم علیہ السلام کی ہون اور ملت ابراہیم خلیل اللہ پر ہون اور مذہب امام اعظم نعمان بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ کا رکھتا ہون سوال اگر کوئی پوچھے کہ تو مسلمان کس روز سے ہوا ہے جواب کہہ کہ روز میثاق سے سوال اگر کوئی پوچھے کہ روز میثاق کسکو کہتے ہین جواب کہہ کہ عہد کو کہتے ہین سوال اگر کوئی پوچھے کہ عہد کسکو کہتے ہین جواب کہہ کہ اللہ تعالے نے سب روحون کو پیدا کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے نور سے اور حضرت آدم کی پشت سے پس عقل اور فہم دیا اور کہا الست بربکم کیا مین ہون نہین پروردگار تمھارا تمام روحون نے جواب دیا بلی یعنی تحقیق ہے تو پروردگار ہمارا سوال اگر کوئی پوچھے کہ اللہ تعالی نے عہد کے دن کتنی صفین کی تھین اور وہ کون کون صف کیا کیا کام کی ہی جواب کہہ کہ جب حکم سجدے کا ہوا پہلی دوسری صف نے سجدہ کیا اور تیسری چوتھی نے نہ کیا حکم ہوا جو سجدہ نہ کرے وہ میری درگاہ سے دور ہین اول صف نے ایک سجدہ اور شکریہ کا کیا دوسری نے نہ کیا تیسری نے جو پہلے نہ کیا تھا دوسری بار مارے خوف کے کیا چوتھی نے نہ اول کیا نہ آخر پہلی صف کے لوگ پیغمبر اور اولیا نیک خاصان خدا ہین مسلمان پیدا ہونگے اور باایمان مرینگے اور دوسری صف کے لوگ مسلمان پیدا ہونگے شرک اور کفر اور فسق و فجور کرکے آخر بے ایمان مرینگے تیسری صف کے لوگ کہ پہلے سجدہ نہ کیا اور سجدہ آخر کو کیا تھا کافر پیدا ہوتے ہین آخر مسلمان ہوکے مرتے ہین اور چوتھی صف کے لوگ جنھون نے اول و آخر سجدہ نہ کیا سو

رحمہ اللہ تعالی نے کس سے سیکھا جواب کہ حماد رحمہ اللہ تعالی سے سوال ۵۲ اگر کوئی پوچھے
حماد رحمہ اللہ تعالی نے کس سے پڑھا جواب کہ علقمہ رحمہ اللہ تعالی سے سوال ۵۳ اگر کوئی پوچھے کہ
علقمہ رحمہ اللہ تعالی نے کس سے روایت کی جواب کہ ابراہیم نخعی رحمہ اللہ تعالی سے
سوال ۵۴ اگر کوئی پوچھے کہ ابراہیم نخعی رحمہ اللہ تعالی نے کس سے سنا جواب کہ عبداللہ
ابن مسعود رضی اللہ تعالی عنہا سے سوال ۵۵ اگر کوئی پوچھے کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ
تعالی عنہا نے کس سے روایت کی جواب کہ حضرت سرور عالم جناب محمد مصطفی صلی
اللہ علیہ وسلم سے سوال ۵۶ اگر کوئی پوچھے کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
کس کی ملت میں ہیں جواب کہ ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی ملت میں ہیں سوال ۵۷
اگر کوئی پوچھے کہ ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کس کے طریق میں ہیں جواب کہ نوح علیہ
السلام کے سوال ۵۸ اگر کوئی پوچھے کہ نوح علیہ السلام کس کے طریق میں ہیں جواب کہ ادریس
علیہ السلام کے سوال ۵۹ اگر کوئی پوچھے کہ ادریس علیہ السلام کس کی راہ پر ہیں جواب
کہ شیث علیہ السلام کی سوال ۶۰ اگر کوئی پوچھے کہ شیث علیہ السلام کس کے طریق پر ہیں
جواب کہ آدم صفی اللہ علیہ السلام کے سوال ۶۱ اگر کوئی پوچھے کہ آدم صفی اللہ علیہ السلام
نے کس سے سیکھا جواب کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام سے اور یہ دعا وقت ملاقات حضرت
جبرئیل علیہ السلام نے حضرت آدم علیہ السلام کو لادی اور کہا کہ اپنی بیوی سے وقت ملاقات کے
خلوت میں یہ دعا پڑھو کہ اسکی برکت سے آل و اولاد نیک ہونگی ورنہ بدراہ دعا مذکور یہ ہے

نَوَيْتُ اَنْ اُجَامِعَ الْمَرْأَةَ الْمَنْكُوْحَةَ حَلَالًا بِحَسَبِ الشَّرِيْعَةِ لِطَلَبِ الْمَوْلُوْدِ
وَبَرَكَةٍ فِي الْاَوْلَادِ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنَا اَوْلَادًا صَالِحًا وَاَعِذْنَا مِنَ الشَّيَاطِيْنِ
الْاَعْدَاءِ الْقَدِيْمِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

کتنے فرض ہین جواب کہہ کہ تین فرض ہین اول زبان سے اقرار کرنا دوسرے دل مین سچ جاننا تیسرے خوف خدا کا کرنا سوال اگر کوئی پوچھے کہ ایمان کتنی قسم پر ہے جواب کہہ کہ دو قسم ہے اول ایمان مجمل اور دوسرا مفصل سوال اگر کوئی پوچھے کہ ایمان کہان رہتا ہے جواب کہہ کہ ڈر اور امید کے درمیان رہتا ہے سوال اگر کوئی پوچھے کہ دعای قنوت جو نہین جانتا تو وہ مسلمان کیسا ہے جواب کہہ کہ اسنے واجب کو ترک کیا سوال اگر کوئی پوچھے کہ عورت کا حیض کتنے رنگ کا ہے جواب کہہ کہ چھ رنگ کا ہے اول رنگ لال ہے دوم رنگ سبز سوم رنگ زرد ہے چہارم رنگ سیاہ پنجم رنگ مٹی کا ششم رنگ آخر کو سفید ہوتا ہے سوال اگر کوئی پوچھے کہ پانچون وقت کی نماز ترک کرنے سے کیا ہوتا ہے جواب کہہ کہ فجر کی نماز ترک کرنے سے ایمان بیزار ہوتا ہے اور ظہر کی نماز ترک کرنے سے پیغمبر بیزار ہوتے ہین اور نماز عصر کی ترک کرنے سے فرشتے بیزار ہوتے ہین اور مغرب کی نماز ترک کرنے سے قرآن شریف بیزار ہوتا ہے اور نماز عشا کی ترک کرنے سے خدا تعالی بیزار ہوتا ہے نعوذ باللہ سوال اگر کوئی پوچھے کہ تجھکو کس نے مسلمان کیا جواب کہہ کہ نبی کے کلمے نے مسلمان کیا سوال اگر کوئی پوچھے کہ کے مذہب حق ہین جواب کہہ کہ چار ہین اول مذہب امام اعظم ابو حنیفہ کوفی نعمان بن ثابت رحمہ اللہ تعالے کا دوسرا مذہب امام شافعی رحمہ اللہ تعالی کا تیسرا مذہب امام مالک رحمہ اللہ تعالے کا چوتھا مذہب امام احمد حنبل رحمہ اللہ تعالی کا سوال اگر کوئی پوچھے کہ یہ چار مذہب برحق ہین یا نہین جواب کہہ کہ برحق ہین سوال اگر کوئی پوچھے کہ تو کسکے مذہب مین ہے جواب کہہ کہ امام اعظم رحمہ اللہ تعالی کے مذہب مین ہون سوال اگر کوئی پوچھے کہ امام اعظم

کہ جب دل مین بندی کے آتا ہی بفضل وکرم حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے پس پہچانتا ہے
ساتھ اُس نور کے اپنے رب کو کہ بیمثل وبے نمون ہے سوال اگر کوئی پوچھے
کہ جب بندۂ مومن مرتا ہے تو جان اُسکی آسمان پر لیجاتے ہین اور تن اُس کا
قبر مین پس ایمان اُسکا کہان رہتا ہے جواب کہہ کہ ایمان کو آمد ورفت
نہین ہے کیونکہ ایمان فعل بندے کا ہی جب جان اُسکی آسمان پر گئی اور تن گور
مین اسی صفت سے اُسکو مومن کہتے ہین اور صفت موصوف سے جُدا نہین
ہوتی سوال اگر کوئی پوچھے کہ جب آدمی مرتا ہے تب کلمہ طیب برابر روح کے
جاتا ہی یا تن کے جواب کہہ کہ لا الہ الا اللہ برابر روح کے رہتا ہے اور محمد
رسول اللہ برابر تن کے اور کلمہ طیب یہ ہی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
یعنے نہین غیر خدا کے معبود اور موجود بحق اور محمدؐ بھیجے ہوے اللہ کے ہین

تمام شد نسخہ حجۃ الاسلام

یہ چند مسائل متفرقات معتبر کتاب عقائد سے انتخاب کر کے اس کتاب مین داخل
کیے ہین کہ طالبان مومنین کو اس سے فائدہ حاصل ہووے اور شرک وبدعت
وگمراہی سے نجات پاوین سوال سب پیغمبرون مین افضل کون ہی جواب
حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم جو سردار اور خاتم سب پیغمبرون کے ہین سوال
حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی پیغمبر ہووےگا یا نہین جواب
نہین ہووےگا یہ خاتم سب پیغمبرون کے ہین انکا دین قیامت تک رہیگا سوال ملائکہ
کیا ہین جواب انکو فرشتے کہتے ہین بندے اللہ کے نور سے پیدا ہین اُسکے حکم پر
چلتے ہین کمی اور زیادتی نہین کرتے سوال فرشتے نر ہین کہ مادہ جواب نر اور

سوال[۶۲] اگر کوئی پوچھے کہ کہان سے تمھارا آنا ہوا اور کہان تمھارا ٹھکانا ہوا اور کون تمھارا آشنا اور کیا تمھارا نام جواب کہہ کہ عرش سے ہمارا آنا ہوا اور جنت ہمارا ٹھکانا ہے اور گور ہماری آشنا اور خاک ہمارا نام سوال[۶۳] اگر کوئی پوچھے کہ کہان سے آئے ہو اور کہان جاؤگے جواب کہہ کہ آدم پور سے آئے ہین اور رسول پور کو جاینگے سوال[۶۴] اگر کوئی پوچھے کہ انگلیون کا کیا نام ہی جواب کہہ کہ پنجہ اللہ کا ہی اور ایک خنصر دوسری بنصر تیسری وسطی چوتھی شہادت پانچوین ابہام اور حضرت نے بلال رض کو فرمایا کہ بانگ کہو بلال رض نے بانگ کہی حضرت معراج کو گئے وہان بلال رض نے بانگ کہی پیغمبر نے دو رکعت نماز ادا کی اول رکعت مین بعد سورہ الحمد کے الم تر کیف پڑھی اور دوسری رکعت مین لایلاف اور تمام نماز کا ثواب امت کے حق مین بخشا سوال[۶۵] اگر کوئی پوچھے کہ مصلّے تمھارا کونسا اور ایمان تمھارا کیا ہی اور کس نے راہ تمکو بتائی اور کس سے تم مسلمان ہوے اور کس سے تم نے مسلمانی پائی جواب کہہ تن میرا مصلّی ہی اور دل میرا مسلمان اور قرآن ہمارا ایمان اور لا الہ الا اللہ نے راہ بتائی اور محمد رسول اللہ سے مسلمانی پائی سوال[۶۶] اگر کوئی پوچھے کہ احد تو معبود ہے بتاؤ تم کہان سے آئے جواب کہہ ہمکو اسی معبود نے عابد بنایا سوال[۶۷] اگر کوئی پوچھے کہ باپ کا کیا نام ہی اور مان کا کیا نام ہے اور تیرا نام کیا ہی جواب کہہ کہ باپ کا نام نکاح ہے اور مان کا نام شریعت ہی اور میرا نام زبان ہی سوال[۶۸] اگر کوئی پوچھے زبان کی آیت کیا ہی جواب کہہ کہ یہ ہی الحق علی لسانی شریعت رانگو سوال[۶۹] اگر کوئی پوچھے کہ کلمہ پڑھنا فرض ہی یا سنت جواب کہہ کہ بار اول فرض ہی اور تکرار اسکی سنت ہی سوال[۷۰] اگر کوئی پوچھے کہ ایمان کیا ہی اور کیسا ہی جواب کہہ کہ مانند نور کے

بتو نسوان (؟) امنیر پوری حضرت بلال رض

جواب پہلے ابوبکر پھر عمر پھر عثمان پھر علی رضی اللہ تعالی عنہم سوال خلافت سے کیا
مراد ہی جواب جانشینی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی مراد ہی جسمین کچھ خلاف
پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور نئی بات اور ظلم نہو سوال سطرح خلافت کی برس رہی
بعد پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے جواب تیس ۳۰ برس آخر سب کے حضرت علی کرم اللہ تعالی وجہہ
ہوی ان ہی پر خلافت ختم ہوئی سوال امامت کی کیا معنے جواب ریاست مسلمانونکی
احکام شریعت اور اقامت حدود اور برپا کرنا لشکر مسلمانونکا جہاد کے لیے اور لینا صدقات کا
اور قائم کرنا جمعہ اور جماعات کا اور فیصلہ معاملات اور قسمت غنائم اور نکاح کر دینا بی وارثونکا
اُسکے سبب سے ہو سکے سوال امام کیونکر ہو سکتا ہی جواب جسکو نیک مسلمانون نے ملکر امام کیا
ہو وہ امام ہوا اور جو اُس سے کرا اُسکو باغی کہلایا سوال امام کیسا چاہیے جواب امام ایسا
چاہیے کہ ظاہر ہو چھپا ہوا انتظار اُسکے ظہور کا نہ کرنا ہو اور قریش کی قوم سے ہو کچھ بنی ہاشم
کی ضرورت نہین اور مسلمان حر ہو کسی کا غلام نہو عاقل ہو بالغ ہو مسلمانون کے کام مین اپنی قوت
رائے سے تصرف کر سکے اور حکم جاری کرنے اور حدود اسلام کی نگاہ رکھنے اور مظلوم کو انصاف
دینے پر قدرت رکھتا ہو سوال امام کو معصوم ہونا شرط ہی یا نہین جواب شرط نہین
سوال عصمت کے کیا معنے ہین جواب یہ کہ اللہ تعالی اُسکے بندہ مین گناہ پیدا نہ کرے اور قدرت
اور اختیار سب کے ملین ہو سوال امام اپنے زمانے والونمین افضل چاہیے جواب کچھ افضل
ہونا اہل زمانہ سے ضرور نہین ہی سوال امام فاسق ہو تو امامت سے نکل جاتا ہی یا نہین جواب ایسا
نکل نہین جاتا مگر وہ مستحق عزل ہی سوال ہر نیک و بد کے پیچھے نماز درست ہی یا متقی فقط ہی
جواب ہر نیک و بد کے پیچھے نماز درست ہے سوال ہر نیک و بد پر نماز جنازہ درست ہے یا نہین
جواب ہر نیک و بد مسلمان پر نماز جنازہ درست ہے سوال صحابہ رض رسول ص کی برائیون کا ذکر

مادہ ہونے کی ان مین صفت نہین ہو جیسے روشنی **سوال** اللہ تعالی نے کتابین اُتاری ہین یا نہین **جواب** پیغمبرون پر کتابین اُتاری ہین اور اُنمین اپنا امر و نہی وعدہ وعید بیان کیا **سوال** معراج آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ثابت ہی یا نہین **جواب** ثابت ہی جاگتے ہین اسی بدن کے ساتھ آسمان پر گئے اور وہان سے جہانتک خدا نے چاہا گئے **سوال** کرامات اولیاء اللہ رحمہم اللہ تعالے کی حق ہین یا نہین **جواب** حق ہین **سوال** کرامات اولیاء اللہ رحمہم اللہ تعالی سی کیا فائدہ **جواب** ولی کی کرامت معجزہ پیغمبر خدا کا ہے کہ اُنکی ادنے اُمت سے یہ بات ہوئی جسمین لوگ ہدایت پاوین **سوال** بعد پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے سب آدمیون مین افضل اور بزرگ کون ہی **جواب** ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالے عنہ جو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے سُسر ہوتے تھے **سوال** ابوبکر رضی اللہ تعالی عنہ کے بعد کون افضل ہی **جواب** عمر فاروق رضی اللہ تعالے عنہ جو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے سُسر اور فاطمہ رضی اللہ تعالے عنہا کے داماد بھی ہین علی کرم اللہ تعالے وجہہ کی صاحبزادی کلثوم رضی اللہ تعالے عنہا اُنکے عقد نکاح مین تھین **سوال** بعد عمر فاروق رضی اللہ تعالے عنہ کے کون افضل ہی **جواب** عثمان ذی النورین رضی اللہ تعالے عنہ جنکو دو صاحبزادیان پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی بیاہی تھین ایک کے بعد ایک **سوال** بعد عثمان رضی اللہ تعالے عنہ کے کون افضل ہی **جواب** علی کرم اللہ تعالے وجہہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے چچیرے بھائی اور داماد بھی تھے یعنے فاطمہ رضی اللہ تعالے عنہا کے شوہر تھے **سوال** امر خلافت بعد پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کسطرح پائی گئی

کیسا ہی **جواب** صحابۂ رسول کا ذکر سوا ہی خیر کے نہ چاہیے وہ صحبت مین شہر رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کی اُنکا نیک ذکر کرو **سوال** صحابہ رضی اللہ تعالی عنہم مین جو باہم جھگڑے کی باتین ہوئین اُس قصے کا دیکھنا درست ہی یا نہین **جواب** نہین درست ہے **سوال** کسکے جنتی ہونے کی گواہی یقیناً دینا چاہیے **جواب** اُنکو یقیناً جنتی کہنا درست ہے جنکا نام پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لیکر جنتی فرمایا جیسے دس یار بہشتی چار خلفاء راشدین اور سعد اور سعید اور عبیدہ اور طلحہ اور زُبیر اور عبد الرحمن رضی اللہ تعالی عنہم اور جیسے فاطمہ رضی اللہ تعالی عنہا اور امام حسن اور امام حسین رضی اللہ تعالی عنہما **سوال** مسح موزون پر درست ہی یا نہین **جواب** حضر اور سفر مین موزون پر مسح درست ہی **سوال** کوئی ولی نبی کے درجے کو پہونچ سکتا ہی یا نہین **جواب** کوئی نبی کے درجے کو نہین پہونچ سکتا ہے **سوال** آدمی اس مرتبے کو پہونچ سکتا ہی کہ نماز اور روزہ اور امر ونہی اُسپر سے ساقط ہو جائے **جواب** اس مرتبے کو کوئی نہین پہونچ سکتا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کوئی نہین مرتبے مین وہ نہ پہونچے اور کون دوسرا پہونچ سکتا ہی **سوال** قرآن اور حدیث کے معانی یہی ظاہر مین جو سمجھے جاتے ہین یہ مراد ہین یا کچھ اور **جواب** یہی معانی ظاہر مراد ہین **سوال** معانی ظاہر قرآن اور حدیث چھوڑ کر باطنی سمجھنا کیسا ہی **جواب** الحاد اور کفر ہی **سوال** اور رد کرنا آیتون اور حدیثون کا کیسا ہی **جواب** کفر ہی **سوال** گناہ کو حلال جاننا اور نیک سمجھنا کیسا ہی **جواب** کفر ہی **سوال** ہنسنا شریعت پر کیسا ہی **جواب** کفر ہی **سوال** نڈر ہونا اللہ تعالی سے کیسا ہی **جواب** کفر ہی **سوال** نا امیدی اللہ سے کیسی ہے **جواب** کفر ہے

خاتمۃ الطبع الحمد للہ والمنۃ کہ یہ رسالۂ عجیبہ مشتمل بر مسائل غریبہ موسومہ بہ **حجۃ الاسلام** حسب ایماے جناب حاجی مولوی **محمد سعید** صاحب تاجر کتب کلکتہ خلاصی ٹولہ نمبر (۸۵) ومالک مطبع مجیدی مطبع **مجیدی** واقع کانپور مین ماہ شوال ۱۳۲۷ھ کو مطبوع ہوا